## گلگت بلتستان کے انتخابی عمل میں دھاندلی، انتخابی فہرستوں میں تبدیلی اور بے قاعدگیوں کی شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے۔الطاف حسین
## انتخابی عمل کو صاف وشفاف بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں،صدرزرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف الیکشن کمشنر سے مطالبہ
## شکایات آرہی ہیں کہ انتخابی فہرستوں میں بے قاعدگیاں کی گئی ہیں اور ایسے اقدامات کئے جارہے ہیں جو انتخابی عمل کو مشکوک بنارہے ہیں

لندن۔۔۔11 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف الیکشن کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ گلگت بلتستان کے انتخابی عمل میں دھاندلی، انتخابی فہرستوں میں تبدیلی اور بے قاعدگیوں کی شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے اور انتخابی عمل کو صاف وشفاف بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو ایک طویل عرصہ کے بعد اس بات کا موقع ملا ہے کہ وہ قانون ساز اسمبلی میں اپنے حقیقی نمائندوں کے انتخاب کیلئے اپنے ووٹ کا بھرپور استعمال کریں اور صحیح نمائندوں کو اپنا مینڈیٹ دیں لیکن گلگت بلتستان کے انتخابات میں حصہ لینے والی تمام جماعتوں اور امیدواروں کی جانب سے اس بات کی مسلسل شکایات سامنے آرہی ہیں کہ انتخابی فہرستوں میں بے قاعدگیاں کی گئی ہیں اور مختلف ایسے اقدامات کئے جارہے ہیں جو انتخابی عمل کے صاف وشفاف انعقاد کو مشکوک بنارہے ہیں جو افسوسناک ہے۔جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ دھاندلی کی ان شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے اور انتخابات کے صاف وشفاف انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔

## اپنے مسائل کے حل کیلئے انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔گلگت بلتستان کے عوام سے الطاف حسین کی اپیل
## گلگت بلتستان میں مختلف جماعتوں کی حکومتیں برسراقتدار رہیں لیکن وہاں کے عوام کو انکے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا

لندن۔۔۔11 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان میں مختلف جماعتوں کی حکومتیں برسراقتدار رہیں لیکن وہاں کے عوام کو گزشتہ 62 برسوں سے انکے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا یہاں تک کہ انہیں پاکستانی شہری تک تسلیم نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کو نہ صرف برابر کا پاکستانی تسلیم کرتی ہے بلکہ چاہتی ہے کہ انہیں زندگی کے ہر شعبہ میں مساوی حقوق دیئے جائیں،گلگت بلتستان کیلئے صرف اعلانات نہ کئے جائیں بلکہ انہیں عملاً انکے حقوق دیئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ایم کیوایم کو جس بھرپور انداز میں خوش آمدید کیا ہے وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ انشاءاللہ تھوڑے عرصہ ہی میں ایم کیوایم گلگت بلتستان کی سب سے بڑی جماعت ثابت ہوگی۔انہوں نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ کل ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## اسکردو کے معروف عالم دین حجت المسلمین شیخ علامہ حسن جعفری سے رابطہ کمیٹی اور دیگر کی ملاقات
## علامہ حسن جعفری نے 12 نومبر کے انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی کامیابی کیلئے دعا کی

اسکردو۔۔۔11،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے گزشتہ روز اسکردو کے معروف عالم دین حجت المسلمین شیخ علامہ حسن جعفری سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا سلام پہنچایا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں حجت المسلمین شیخ علامہ حسن جعفری نے ایم کیوایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو سراہا اور متحدہ قومی موومنٹ کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔انہوں نے 12 نومبر کو ہونے والے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران کی کامیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، سلیم تاجک

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جلال آباد کی خواتین میں سلائی مشینوں کی تقسیم کی تقریب سے خطاب

گلگت ۔۔۔ 11، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے کیونکہ انسانیت کی خدمت سب بڑی عبادت ہے اور قائد تحریک الطاف حسین کی نظر میں خدمت خلق کے بغیر سیاست کھلی منافقت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گلگت کے علاقے جلال آباد میں امدادی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل، انچارج گلگت بلتستان آرگنائزنگ کمیٹی ہدایت علی، سابق صوبائی مشیر سندھ حامد عابدی، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن ابوالاظہر چاند اور دیگر ذمہ دار بھی موجود تھے۔امدادی پروگرام میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سینکڑوں غریب اور مستحق خواتین میں سلائی مشینیں تقسیم کی گئیں۔تقریب سے خطاب کے دوران سلیم تاجک نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے پر عمل پیرا ہو کر ایم کیو ایم غریب عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے اور غریبوں کی دادرسی کیلئے جلال آباد کی سینکڑوں غریب خواتین میں بھاری مالیت کی سلائی مشینوں کی تقسیم بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے۔تقریب سے رشید گوڈیل، ہدایت علی، حامد عابدی اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔سلائی مشینیں حاصل کرنے والی خواتین نے امدادی پروگرام کے انعقاد پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## ایم کیو ایم الیکشن سیل کے رکن، بلدیہ ٹاؤن، کورنگی، فیڈرل بی ایریا اور اسکیم 33 معمار سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 11، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم مرکزی الیکشن سیل کے رکن شجاع کی صاحبزادی محترمہ یاسمین عبدالرشید، ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن سلطان کے والد عبداللہ، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن جاوید اجمیری کے والد حاجی اجمیری، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن سید امتیاز کی والدہ محترمہ سنجیدہ خاتون اور ایم کیو ایم اسکیم 33 معمار سیکٹر یونٹ احسن آباد کے کارکن ناصر قریشی کے والد محمد شکیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## انتظامیہ اور چینی مافیا کے گٹھ جوڑ کا نوٹس لیا جائے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی

## چینی انتظامیہ اور بااثر مافیا کے گٹھ جوڑ کے باعث من مانی قیمت پر فروخت کی جارہی ہے

## کراچی سمیت ملک بھر میں چینی کا مصنوعی بحران پیدا کرنے پر اظہار مذمت

کراچی ۔۔۔ 11، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی سمیت ملک بھر میں ناجائز منافع خور تاجروں کی جانب سے چینی کا مصنوعی بحران پیدا کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور بااثر مافیا کے گٹھ جوڑ سے چینی من مانی قیمت پر فروخت کی جارہی ہے، انتظامیہ میں شامل کالی بھیڑیں ذخیرہ اندوزوں کے گوداموں پر چھاپوں کو بھی ناکام بنارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یوٹیلٹی اسٹورز پر چینی کا ریٹ تو 38 روپے فی کلو مقرر ہے مگر وہاں چینی عوام کی طلب سے بہت کم آتی ہے اور عوام کو بڑی تعداد میں گھنٹوں قطاروں میں لگنے کے باوجود چینی لیے بغیر ہی واپس لوٹ جانا پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ چینی کا بحران پیدا کرنے والے عناصر ملک وقوم سے مخلص نہیں ہیں لہٰذا چینی کی فراہمی کیلئے مئوثر اقدامات کئے جائیں۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ انتظامیہ اور چینی مافیا کے گٹھ جوڑ کا نوٹس لیا جائے اور چینی کے ذخیرہ اندوزوں کے گوداموں پر چھاپوں کو ناکام بنانے والے اہلکاروں کے خلاف محکمہ جاتی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## بلدیہ ٹاؤن کے علاقے کوکن کالونی کے رہائشی خالد خان نامی شخص کا متحدہ قومی موومنٹ تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بلدیہ ٹاؤن کے علاقے کوکن کالونی کے رہائشی خالد خان ولد سید خان نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ شخص خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ خالد خان نامی شخص کا متحدہ قومی موومنٹ سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔

## گلگت بلتستان کے عالم دین مولانا شیخ عبداللہ ساقی (وکیل مطلق آیت اللہ محمد علی ستانی) اور عالم دین آغا زیر علی کے بھتیجے محمد طہٰ نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کردیا

ضلع نگر گلگت۔۔۔11،نومبر 2009ء

گلگت بلتستان کے معروف اور مشہور عالم دین مولانا شیخ عبداللہ ساقی (وکیل مطلق آیت اللہ محمد علی ستانی) نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز مراد آباد دودھ داس گاؤں میں ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین اور علامہ اطہر حسین سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر بلتستان کے مشہور عام دین آغا زیر علی کے بھتیجے محمد طہٰ نے بھی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے ارکان نے عالم دین مولانا شیخ عبداللہ ساقی اور عالم دین آغا زیر علی کے بھتیجے محمد طہٰ کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اوران کی شمولیت کو حق پرستی کے فکر و فلسفہ کی سچائی قرار دیا۔

## کے ای ایس سی ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے بجائے فرنس آئل بچانے کیلئے کوشاں ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی تیکنیکی وجوہات کے باعث بن قاسم اور دیگر بجلی گھر بند ہونے سے شہر کے متعدد علاقے اندھیرے میں ڈوبے رہتے ہیں

کراچی۔۔۔11،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بن قاسم کے بجلی گھر مسلسل تیکنیکی وجوہات کی بناء پر بند رہتے ہیں جس کے باعث شہر کے متعدد علاقے اندھیرے میں ڈوبے رہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام جاننا چاہتے ہیں کہ بجلی گھروں کو فرنس آئل ضرورت کے مطابق کیوں نہیں دیا جارہا ہے اور دیگر تکنیکی وجوہات کے تدارک کیلئے اقدامات کیوں نہیں کئے جاتے؟۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں موجودہ لائن لاسز 40 فیصد ہے اور کے ای ایس سی ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے بجائے فرنس آئل بچانے کیلئے کوشاں ہے جبکہ متعدد بجلی گھر بھی عملے کی غفلت کے باعث مطلوبہ بجلی فراہم کرنے میں ناکام ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کے ای ایس سی کی غفلت کے باعث شہر کی سرگرمیاں ماند پڑ گئی ہیں، صنعتی، تجارتی، کاروباری، پیداواری اور تعلیمی سرگرمیاں شدید متاثر ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ بجلی گھروں میں تیکنیکی خرابیاں جلد از جلد دور کی جائیں اور فرنس آئل کی کمی کو پورا کیا جائے اور عوام کو بجلی کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی عام انتخابات،ایم کیوایم کے مرکزی الیکشن کنٹرول روم نے تمام تیاریاں مکمل کرلیں اسکرین چارٹ کے ذریعے انتخابی نتائج سے آگاہ کیا جائے گا،الیکشن کنٹرول روم میں عوام و کارکنان کی خصوصی دلچسپی

کراچی۔۔۔11،نومبر 2009ء

12 نومبر کو گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کو مانیٹر کرنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں قائم مرکزی الیکشن کنٹرول روم 12 نومبر سے کام شروع کردے گا اس سلسلے میں کنٹرول روم نے الیکشن نتائج کے اعلان کیلئے اپنی تمام تیاریاں مکمل کرلیں ہیں۔الیکشن کنٹرول روم کے ارکان گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے الیکشن کے انتخابی نتائج حاصل کرکے ایم کیوایم کی ویب سائٹ پر جاری کرے گا۔الیکشن کنٹرول روم میں انٹرنیٹ،ٹیلیفون،موبائل اور فیکس کی جدید سہولیات کی فراہمی کے باعث انتخابی نتائج میں کسی قسم کی دشواری اور پریشانی کا سامنا نہیں جبکہ مرکزی الیکشن کنٹرول روم میں گلگت بلتستان کے سابقہ انتخابات میں حصہ لینے والی مختلف

جماعتوں اوران کے امیدواروں کے نام بھی حاصل کر لیے گئے ہیں تا کہ حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کے حصہ لینے کے بعد ان جماعتوں اوران کے امیدواروں کے موجودہ اور سابقہ نتائج کا با آسانی موازانہ کیا جا سکے ۔کنٹرول روم میں گلگت بلتستان کے انتخابات کے دوران کسی بھی قسم کی بدنظمی کو کنٹرول کرنے اوراس کی بروقت اطلاع الیکشن کمیشن اور میڈیا کوفراہم کرنے بھی انتظامات کیے گئے ہیں جس کیلئے تجربہ کارکارکنان کی ٹیم بھی کنٹرول روم میں چوبیس گھنٹے موجودرہے گی ۔دریں اثناء گلگت بلتستان میں منگل کی رات 12 بجے امیدواروں کی انتخابی مہم کے اختتام ہوگئی اس موقع پرایم کیوایم کے ہمدردعوام اورکارکنان نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے گلگت بلتستان میں حق پرستوں کی کامیابی کیلئے فلک شگاف نعرے لگائے اورحق پرست امیدواروں کی بھاری اکثریت سے کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم نے کسی بھی گروپ کی حمایت نہیں کی،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ میں ہفتہ 14 نومبر 2009ءکوہونے والے ریفرنڈم میں متحدہ قومی موومنٹ نے کسی بھی گروپ کی حمایت کا اعلان نہیں کیا ہے۔ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم نے کسی بھی گروپ کی حمایت نہیں کی ہے لہٰذا ادارے کے تمام ملازمین ریفرنڈم میں اپنی مرضی سے اپنا حق رائے دیہی استعمال کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆